سوال

(59)قربانی کی کھالوں کا مصرف

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرح متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ چرم قربانی کا مصرف کون لوگ ہیں۔اور زمانہ نبوت میں چرم قربانی کن کو دیا جاتا تھے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعد حمد وصلوٰۃ کے صورت مسئولہ میں واضح دلائع ہوکہ چرم قربانی کو آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں فقراء ومساکین پر صدقہ کیا جاتا تھا۔چنانچہ ایک روایت منتقی وغیرہ میں ہے۔

المساکین یعنی صحابہ کہتے ہیں۔کہ ہم چرم قربانی مساکین پر صدقہ کیا کرتے تھے۔اور بخاری شریف میں آیا ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا۔کہ جلود قربانی کی تقسیم کردو یعنی صدقہ کردو۔

(بخاری شریف جلد1ص232)

(حضرت مولانا عبد الجبار کھنڈیلوی اخبار الاعتصام لاہور جلد 2 ش 10)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد13ص156

محدث فتویٰ